احکامِ عاشوراء

(اُردو ترجمہ)

قربان الشہادۃ

حضرت سیّد الشہداءؑ کی زندگی اور آپؑ کی تحریک پر عائد
سوالات کے جوابات

جواب دہندہ
حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ السیّد محمد صادق روحانی دامت برکاتہ

مترجم
علامہ محمد حسن جعفری

پرنٹ لائن

ضابطہ:

کتاب: احکام عاشوراء

جواب دہندہ: آیۃ اللہ العظمی السید محمد صادق روحانی

مترجم: علامہ محمد حسن جعفری

ناشر: زیارت ڈاٹ کام

سال: 2018

قیمت:

Ziaraat.com
Online Library

Hydrabad Sindh
Phone: 03333589401
email: webmaster@ziaraat.com FB:
facebook.com/ZiaraatDotCom

گئیں۔

اہلِ مدینہ نے یزید کی بیعت توڑ دی اور عبداللہ بن حنظلہ غسیل الملائکہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی۔

اہلِ مکہ نے ابن زبیر کی بیعت کر لی تھی۔ حضرت سجادؑ اور شریکۃ الحسین سلام اللہ علیہا کے خطبات کے بعد اہل شام کے نظریات بدل گئے تھے۔ ان تمام واقعات سے اہداف حسینیؑ کی تکمیل ہوئی اور بنی اُمیہ کے منصوبے ناکام ہوئے۔

سوال: قتلِ حسینؑ پر کن باضمیر افراد اور سلاطین جہان کے کون سے نمائندوں نے احتجاج کیا تھا؟

جواب: باسمہ جلّت اسماؤہ:

یزید کے اس فعلِ بد کی ہر باضمیر انسان نے مذمت کی تھی۔ ان میں عبداللہ بن عفیف، توابین کی پوری جماعت اور سفیر روم نے یزید کی مذمت اُس کے منہ پر اُس وقت کی، جب وہ سیّدالشہداءؑ کے دندانِ مبارک کی بے ادبی کر رہا تھا۔ (تفصیل کے لیے سیرت و مقاتل کی کتابوں کا مطالعہ کریں)

سوال: حمید بن مسلم کی روایات کی کیا قدر و قیمت ہے؟ اور کیا وہ کربلا کا ثقہ راوی تھا؟

جواب: باسمہ جلّت اسماؤہ:

کتبِ رجال میں حمید بن مسلم کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ البتہ شیخ طوسیؒ نے اپنے رجال میں لکھا ہے کہ وہ امام سجادؑ کے اصحاب میں سے تھا۔ شیخ طوسیؒ کے اس بیان سے یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ امامی المذہب تھا۔ اس کی وثاقت اور عدم وثاقت کی کوئی خبر نہیں ہے۔ لیکن اس کے باوجود اس کی روایات قبول کرنے میں کوئی قباحت نہیں

ہے۔ اس کی روایات کی وہی اہمیت ہے جو کسی اخبار کی خبروں کے لیے اس کے نامہ نگاروں کی ہوتی ہے۔

سوال: علاّمہ طریحی کی ''کتاب الفخری'' کی کیا اہمیت ہے؟ مرحوم علاّمہ کی اور کون سی کتابیں ہیں اور ہمارے ہاں ان کی کون سی کتاب معتبر ہے؟

جواب: باسمہ جلّت اسماؤہ:

مرحوم نے بہت سی کتابیں لکھی تھیں۔ جن میں لغت الحدیث کی مشہور کتاب مجمع البحرین اور علم رجال میں جامع المقال اور قرآنِ کریم کے مشکل الفاظ کے لیے غریب القرآن جیسی کتابیں شامل ہیں۔ اسی طرح سے انھوں نے ''منتخب'' یا ''الفخری'' نامی کتاب بھی لکھی تھی۔ کتاب اگرچہ ''مرسل'' ہے لیکن پھر بھی معتبر ہے کیونکہ تاریخ میں ''اتصال سند'' معتبر نہیں ہوتا۔ بہرنوع طریحی ایک عظیم القدر اور جلیل المرتبت شخصیت تھے۔

سوال: شہدائے کربلا کے حالات پر کون سی کتاب معتبر ہے؟

جواب: باسمہ جلّت اسماؤہ:

اس موضوع کے لیے حسب ذیل کتابیں بہت اچھی ہیں:

۱- ابصار العین فی انصار الحسینؑ۔ تالیف: شیخ محمد السماوی

۲- ذخیرۃ الدارین فیما یتعلق بالحسین و اصحاب الحسین (تالیف: سید عبدالمجید شیرازی الحسینی)

۳- فرسان الھیجاء۔ تالیف: شیخ ذبیح اللہ محلاتی۔